آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ

ABC CERTIFIED

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی سیدہ زاہد سلطانہ

چیف ایڈیٹر طاہر ملک

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

جلد نمبر: 26 | 09 رمضان 1447 | بدھ 27 فروری 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 365

زرغون میں سیکورٹی فورسز نے 10 دہشتگردوں کو ٹھکانے لگا دیا

خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر ایک جامع ایریا سینیٹائزیشن آپریشن، دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا گیا، آئی ایس پی آر

قومی ایکشن پلان کے مطابق سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی انسداد دہشت گردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، اعلامیہ جاری

راولپنڈی (پ ر/ اطلاعات) آئی ایس پی آر کے مطابق بلوچستان کے ضلع ژوب میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کارروائی کی گئی جس میں 10 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے مطابق قیمتی سامان اور آرمی ایریا کے مطابق ضلع ژوب میں 25 فروری کو سیکورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر آپریشن کیا۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ علاقے کو مکمل طور پر محفوظ بنانے کیلئے آپریشن جاری رہے گا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

وزیراعلیٰ سندھ 1200 روپے کلوطیلی کا سن کر حیران رہ گئے

صورتحال پر صدر زرداری کی برہمی کے بعد وزیراعلیٰ سندھ اور میئر کراچی متحرک ہوگئے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کی صورتحال پر صدر زرداری کی برہمی کے بعد وزیراعلیٰ سندھ اور میئر کراچی متحرک ہوگئے۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کراچی پہنچ گئے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

آئی ایم ایف اور اسٹیٹ بینک میں تکنیکی سطح کے مذاکرات جاری

کراچی (اسلام آباد (اسٹاف رپورٹر) پاکستان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

19 مارچ کی شام شوال کا چاند نظر آنے کا امکان نہیں

عید الفطر ہفتہ 21 مارچ 2026 کو ہونے کی توقع ہے، رویت ہلال ریسرچ کونسل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی رویت ہلال ریسرچ کونسل نے اعلان کیا ہے کہ جمعرات 19 مارچ 2026 کی شام شوال کا چاند نظر آنے کا امکان نہیں۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

نامزد وزیراعظم شہباز شریف لیفٹیننٹ کرنل شہزاد گل فراز شہید کی قبر پر وفاقی وزراء کے ہمراہ دعائے مغفرت کر رہے ہیں

افغان جارحیت کیخلاف

پاک فوج کا آپریشن غضب الحق

58 جہنم واصل

پاک فضائیہ بھی حرکت میں آگئی

پاک فوج نے 12 پوسٹیں مکمل طور پر تباہ کر دیں 5 افغان پوسٹوں پر قبضہ کر لیا، موثر جوابی کارروائی میں 30 سے زائد ٹینکس، آرٹلری گنز اور اے پی سیز کو تباہ کر دیا گیا

چترال، خیبر، مہمند، کرم اور باجوڑ میں سرحدی خلاف ورزی کی گئی، پاکستان کی سیکورٹی فورسز پوری طاقت سے منہ توڑ جواب دی رہی ہیں، وفاقی وزارت اطلاعات

اسلام آباد (پ ر/ اطلاعات) افغان طالبان نے ایک بار پھر سرحدی خلاف ورزی کرتے ہوئے پاکستان پر بزدلانہ حملہ کر دیا۔ پاکستان کی سیکورٹی فورسز نے فوری اور بھرپور جواب دیا، پاک فوج کے مطابق کئی گھنٹے تک جاری رہنے والی جھڑپوں میں دشمن کو بھاری جانی و مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا اور اب تک 50 افغانی ہلاک جبکہ متعدد چیک پوسٹیں تباہ کر دی گئیں۔ پاک فوج کے مطابق افغان طالبان نے پاکستان کی سرحد پر واقع پوسٹوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی جسے ناکام بنا دیا گیا۔

ABC CERTIFIED
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
سے پاک سماجیات کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سید زاہد سلطان
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: شہاب طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر شرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: جمشید کمال)

افغانستان اور دہشت گردی

وزیراعظم میاں شہباز شریف کا دورہ قطر خاصی اہمیت کا حامل ہے۔ قطر کی اختیار سے مشرق وسطیٰ خلیج ایشیا اور وسط ایشیا کے امور میں اسٹریٹیک نوعیت کے معاملات میں بھی شریک رہا ہے۔ قطر کے دارالحکومت دوحہ میں عرصہ دراز تک افغان طالبان کا دفتر قائم رہا ہے اور دوحہ میں ہی افغان طالبان کے نمائندوں اور امریکی نمائندوں کے درمیان مذاکرات ہوئے جس کے نتیجے میں دوحہ معاہدہ عمل میں آیا۔ اس معاہدے کے نتیجے میں افغان طالبان کا کامل پر کنٹرول ہوا اور وہ افغانستان میں اپنا اقتدار قائم کرنے میں کامیاب ہوئے۔ گو ان امور میں پاکستان بھی شریک رہا ہے جب کہ دیگر ممالک کا بھی کچھ نہ کچھ کردار رہا ہے یہ حقیقت ہے کہ یہ سارے معاملات قطر کے دارالحکومت دوحہ میں ہی طے ہوئے ہیں۔ قطر کے پاکستان کے ساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات بھی ہیں۔ اس پس منظر میں دیکھا جائے تو وزیراعظم کا دورہ قطر خاصی اہمیت کا حامل ہے۔ اخباری اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم پاکستان کے حالیہ دورے کے دوران پاکستان اور قطر نے دوطرفہ اسٹریٹک شراکت داری حزید مضبوط کرنے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے دوحہ میں قطر کے نائب وزیراعظم اور وزیر مملکت دفاعی امور شیخ سعود بن عبدالرحمٰن آل ثانی نے ملاقات کی ہے جس میں دفاع اور سیکیورٹی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ مشترکہ اعلامیہ کے مطابق پاکستان کے وزیراعظم نے دونوں ممالک کی مسلح افواج کے درمیان جاری تعاون پر اظہار اطمینان کیا اور دفاعی تعاون حزید مضبوط اور تعاون کو وسعت دینے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقات میں علاقائی امور بالخصوص ایران اور افغانستان کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ افغانستان میں جو کچھ ہو رہا ہے، عالمی قیادت اس صورت حال سے مکمل طور پر آگاہ ہے۔ افغانستان دہشت گردی کا ایک اسپنر بن چکا ہے۔ افغانستان میں مذہب کے نام پر دہشت گردی کرنے والے گروہ بھی آپریٹ کر رہے ہیں جو دم بہ دم دہشت گردی کرنے والے گروہ بھی موجود ہیں جب کہ جرائم پیشہ گینگز اور مافیاز بھی اس ملک میں آزاد اور طور پر اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ افغانستان میں جو گروہ ہیں پر افراد ہے اس کے اقتدار کا سارا دارومدار دہشت گرد گروہوں کے مرہون منت ہے۔ یہ دہشت گرد گروہ ہر مرائے کا غیر قانونی نیٹ ورک قائم کیے ہوئے ہیں جس کے ذریعے عالمی بلیک مارکیٹ سے جدید اسلحہ خریدا جاتا ہے پڑیڈیم مصنوعات بھی اسی پیسے سے خرید کر افغانستان منتقل ہوتی ہیں جس کی وجہ سے طالبان حکومت کے زیر کنٹرول کام کرنے والے ادارے، وار گروہ کی نقل و حمل ممکن ہو رہی ہے۔ دہشت گرد گروہوں کے ذریعے اپنی فرانچیزیشن کے افراجات اور تنخواہیں اس غیر قانونی اور غیر اخلاقی ذرائع سے کمائی گئی دولت سے پورا کرتے ہیں۔

علاج یا سیاست؟

بانی پی ٹی آئی کے نام پر پارٹی کے اندر طاقت کی خطرناک کشمکش

تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر (روزنامہ اطلاعات کراچی)

بانی پی ٹی آئی کی صحت کا معاملہ بظاہر ایک انسانی اور طبی مسئلہ تھا مگر وقت کے ساتھ یہ پارٹی کے اندر کی تضادات، طاقت کی کشمکش اور فیصلہ سازی کے بحران کی علامت بن کر سامنے آ گیا۔ بانی کی اسپتال منتقلی یا پیدا ہونے والا تنازع دراصل اس سوال کو جنم دیتا ہے کہ کیا پارٹی قیادت اب بھی اجتماعی فیصلوں کی اہل ہے یا طاقت ذاتی پسند و ناپسند کی نذر ہو چکا ہے۔ اسی تناظر میں علیمہ خان کا پارٹی لیڈر شپ پر غصہ محض ایک رشتوں کی کہانی نہیں بلکہ ایک گہری اندرونی کشمکش کی عکاسی کرتا ہے۔ اسٹیٹ کے مطابق جب بانی کے علاج کا مرحلہ آیا تو پارٹی کے اندر دو واضح سوچیں موجود تھیں۔ ایک طرف وہ قیادت تھی جو حالات کو دیکھتے ہوئے جیل میں علاج کو قابل قبول سمجھ رہی تھی، جبکہ دوسری طرف علیمہ خان کا مقدمہ تھا کہ بانی کی صحت کسی بھی سیاسی حکمت عملی سے بالاتر ہے۔ 14 فروری کو ہیرسٹ گوہر کی جانب سے ڈاکٹرز کو جیل بھیجنے کی تجویز پر علیمہ خان کی ناراضی اسی سوچ کا نتیجہ تھی۔ ان کا اصرار تھا کہ بانی کو فوری طور پر اسپتال منتقل کیا جائے، جب کہ اس کے لیے سیاسی قیمت ہی کیوں نہ ادا کرنی پڑے۔ یہاں

اطلاعات 01

مطلوبات: ڈیفنس ایلیٹ کلب بلیک لیبل کے ایک صاحب کو بیٹا 9:00 بجے صبح بذریعہ ہیلی کاپٹر کراچی ایئرپورٹ پہنچنا ہے۔ وہ بیٹا 28 فروری 2026 کو صبح 9:00 بجے کراچی ایئرپورٹ پر پہنچنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ کراچی ایئرپورٹ پر ان کے استقبال کے لئے ایک گاڑی درکار ہے۔ ڈیفنس کلب کے ایک ممبر کو ان کے استقبال کے لئے ایک گاڑی درکار ہے۔ ڈیفنس کلب کے

ماہِ رمضان المبارک میں گل پلازہ پر رونقیں لگی رہتی تھیں مگر اب یہاں دھماکے سفارت کے بیترازوں میں

ایئر پورٹ پک اینڈ ڈراپ پر 2 سے زائد افراد کے آنے پر پابندی عائد

پولیس کو قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں سے روابط کو مضبوط بنانا ہوگا، ضیاء الحسن عباسی

ایئر پورٹ پر زیادہ رش کی وجہ سے سیکیورٹی کو فول پروف بنانا ہوگا، وزیر داخلہ سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے ایئر پورٹ پک اینڈ ڈراپ پر 2 افراد سے زائد کے آنے پابندی عائد کر دی ہے۔ سندھ کے وزیر داخلہ ضیاء الحسن عباسی نے کہا کہ ملکی و بین الاقوامی ایئر پورٹ پر رش کی وجہ سے سیکیورٹی کو فول پروف بنانا ہوگا۔ ایئر پورٹ پر زیادہ رش کی وجہ سے سیکیورٹی کو فول پروف بنانا ہوگا، وزیر داخلہ سندھ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

FIA کی کارروائی 6 ہزار بعد گزر کی قبضہ کردہ جائیدادیں واگزار

وفاقی حکومت کی ملکیتی 3 ارب سے زائد کی قبضہ کردہ 2 جائیدادیں واگزار کرالیں جائیدادوں کا رقبہ بالترتیب 2 ہزار 350 اور 4 ہزار مربع گز ہے

واگزار کرائی گئی جائیداد تو اہل افراد کے حوالے کر دی جائیں، وزیر داخلہ سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایف آئی اے ایمنٹی سرکل اور متروکہ وقف املاک بورڈ نے مشترکہ کارروائی کر کے وفاقی حکومت کی ملکیتی 3 ارب سے زائد کی قبضہ کردہ 2 جائیدادیں واگزار کرالیں۔ واگزار کرائی گئی جائیدادیں اسٹیل ٹاؤن، سوہانی ڈیزل بلاک سوہانی اور کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن لمیٹڈ کے ہیڈکل کی حامل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

"ایدِ رمضان" کے تحت رمضان المبارک کے موقع پر اقلیتوں افطار ڈنر کا اہتمام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کورٹ سندھ کا صدر خان نصیری کی جانب سے سندھ کورٹ ہاؤس میں رمضان المبارک کے بابرکت موقع پر "عید رمضان" کے عنوان سے اقلیتوں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کا آغاز قرآن پاک کی تلاوت سے ہوا جس کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

کراچی نویپارکنگ میں کھڑی موٹر سائیکلیں لفٹر نہ کرنے کا حکم

تصاویر لیکر چالان کیا جائے گا، مہر شاہ

اگر کسی موٹر سائیکل کی نمبر پلیٹ نہ ہو تو پھر اس کو لے کر جانا ہے، نمبر پلیٹ لگنے تک اسے نہیں چھوڑا جائے اور ایسے کیسز کی رپورٹ مجھے بھیجی جائے

اگر کوئی اپنی بائیک غلط جگہ کھڑی کرتا ہے تو ٹریفک اہلکار موٹر سائیکل لفٹنگ کرنے کے بجائے اسے چیلن لگا کر لاک کر دیں، ڈی آئی جی ٹریفک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی ٹریفک مہر شاہ نے کہا کہ اپنے کسی بھی صورت موٹر سائیکل لفٹنگ نہیں کرنی اور اس حوالے سے واضح ہدایت دی گئی ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ اگر کوئی اپنی بائیک غلط جگہ کھڑی کرتا ہے تو ٹریفک اہلکار موٹر سائیکل لفٹنگ کرنے کے بجائے اسے چیلن لگا کر لاک کر دیں اور ویکار اہلکار کو بلا کر تصویر لے کر رپورٹ بھیجی جائے۔ ڈی آئی جی ٹریفک نے ہدایت جاری کریں۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

ٹیکس دہندگان کو سرکاری ڈیوٹیز کی ادائیگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹیکس دہندگان کو سرکاری ڈیوٹیز اور جیسز کی اور ادائی کا اختیار دائیگی میں سہولت فراہم کرنے کی غرض سے ایف بی آر نے ریونیو (اطلاق ٹیکس) آرڈیننس 2026 کے تحت ایک نوٹیفکیشن جاری کیا ہے کہ قابل ٹیکس اشیاء کی فروخت پر ٹیکس کی ادائیگی کے لئے ٹیکس دہندگان کو